11/06/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **شبیر الزمان** سے خبریں سُنئے

**وفد**

سات کُل جماعتی وفود کے ارکان نے وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی ہے ، جو حالیہ دنوں میں آپریشن سندور کے بعد دہشت گردی کے خلاف بھارت کے موقف سے آگاہ کرنے کے لئے 33 ممالک کے دورے پر گئے ہوئے تھے ۔ یہ ملاقات وزیر اعظم کی رہائش گاہ پر ہوئی جس میں پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو اور دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں ۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انہیں اس بات پر ناز ہے کہ کل جماعتی وفود نے عالمی پلیٹ فارموں پر ایک با اثر انداز میں بھارت کا موقف رکھا ۔

**11 سال**

سیوا ، سوشا سن اور غریب کلیان کے گیارہ برس میں بھارت نے توانائی کے سیکٹر میں زبر دست کامیابیاں حاصل کی ہیں اور ملک بجلی کے شعبے میں 241 گیگا واٹ برقی رو کی مانگ کو کسی کمی کے بغیر پورا کر رہا ہے ۔نئی دلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے کہا کہ بھارت نے 2024-25 کے دوران اب تک کی سب سے بڑی یعنی 34 گیگا واٹ بجلی کی پیداوار بڑھا دی ہے ، جس میں 29 اعشاریہ پانچ گیگا واٹ شمسی توانائی سے حاصل کی جا رہی ہے ۔ اس سے پہلے کل وزیر اعظم نریند رمودی نے دفاع اور کھیل کود کے سیکٹروں میں پچھلی ایک دہائی کی کامیابیوں کو اجا گر کیا ۔

**لیفٹننٹ گورنر**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا 2025 کے سلسلے میں سونہ مرگ کا دورہ کر کے وہاں مرکینٹ ایسو سی ایشن ، ہوٹل مالکان ، گھوڑے والوں اور یاترا کے لئے دیگر طرح کی خدمات فراہم کرنے والوں کے نمائندوں سے بات چیت کی ۔ نمائندوں نے یاترا کے احسن انعقاد کے لئے کئی معاملات ابھارے جن کے بارے میں لیفٹنٹ گورنر نے توجہ دینے کی یقین دہانی کرائی ۔

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کبیر جینتی کے موقعہ پر عوام کو مبارک باد پیش کی ہے ۔

**یوگا**

پوری دنیا کے ساتھ بھارت میں بھی21جون کومنائے جانے والے یوگا کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں تیاریاں اور انتظامات کئے جا رہے ہیں ۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے Yoga for one Earth, one Health ۔ یو گا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لِونگ ادارے کی ریجنل ڈائریکٹر وندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**اوڑی**

سول فوجی ہم آہنگی اور ثقافتی تعظیم کی ایک شاندار مثال کے بطور بھارتی فوج نے اوڑی علاقے کے گوہالن گاو

ں کے باشندوں کے ساتھ مل کر پیر سید مہدی شاہ کے مرقد کی تعمیر میں ایک اہم رول ادا کیا ۔ اس ولی خدا کے عرس کے موقعہ پر نۓ مرقد کا افتتاح کرنے اور اسے عام لوگوں کے لئے کھولے جانے کے موقعہ پر وہاں عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد موجود تھی جو آس پاس کے علاقوں سے آئے ہوئے تھے ۔

**کرشی سنکلپ ابھیان**

ملک بھر میں جا ری15روزہ وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت بیداری پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی، کشمیر میں چیف سائنٹسٹ اور ڈائریکٹر ایکسٹنشن// ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے بتایا کہ وادی مینمہم کی اختتامی تقریب اب12جون کے بجائے14جون کو منعقد کی جائے گی۔

**انتقال**

وادی کے ایک معروف گلو کار استاد غلام نبی بلبل انتقال کر گئے ہیں ۔ وہ 75 برس کے تھے اور ان کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاو

ں ڈنگی وچھہ رفیع آباد میں آج صبح دس بجے ادا کی جائے گی ۔ غلام نبی بلبل کو موسیقی کے شعبے میں مختلف سطحوں پر کئی ئ اعزازات سے نوازا جا چکا ہے ۔ مرحوم کے انتقال پر فن و ثقافت سے وابستہ افراد اور تنظیموں نے رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔

**اطلاع**

سامعین ہمارے ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر میں اپنے مسائل اُجاگر کرنے کےلئے آپ آج صبح ساڑھے دس بجے سے دن میں 12 بجے تک ٹیلیفون نمبر 2452019-0194 پر کال کر سکتے ہیں۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 اعشاریہ 6ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 29 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس در ج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ